© rasailojaraid.com



# پریس ریلیز

ادارہ

## مدرسہ خلفائے راشدین کے اساتذہ وطلبہ کی گرفتاری پر مدارس کا سخت ردعمل

اسلام آباد (پ ر) بھکر کے مدرسہ خلفائے راشدین کے اساتذہ وطلبہ کی گرفتاری پر اہل مدارس کی جانب سے شدید ردعمل کا اظہار کیا گیا ہے۔ علماء کا کہنا تھا کہ حکومتی اقدام تعلیم دشمنی کا بدترین مظاہرہ ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب اس بزدلانہ اقدام کا فوری نوٹس لیں، نیز مدرسہ خلفائے راشدین کے اساتذہ وطلبہ کو فی الفور رہا کیا جائے۔ حکومت اپنی ناکامیوں کا ملبہ بے گناہ علماء وطلبہ پر ڈالنے اور عوام الناس کی آنکھوں میں دھول جھونکنے سے گریز کرے۔ ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے جنرل سیکریٹری مولانا محمد حنیف جالندھری اور دیگر سرکردہ علماء نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھکر کے مدرسہ خلفائے راشدین پر چھاپہ اور وہاں کے تمام طلبہ واساتذہ کی گرفتاری افسوس ناک اور ناقابل فہم واقعہ ہے۔ یہ اقدام تعلیم کا ڈھنڈورہ پیٹنے والی پنجاب حکومت کی بدترین تعلیم دشمنی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب اس تعلیم دشمنی کا فوری نوٹس لیں، ورنہ یہ سمجھا جائے گا کہ وہ پنجاب میں دینی تعلیم حاصل کرنے والوں کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھے ہوئے ہیں۔ مولانا جالندھری نے کہا کہ حکومت اپنی ناکامیوں کا ملبہ علماء وطلبہ پر ڈالنے سے گریز کرے اور عوام الناس کی آنکھوں میں دھول جھونکنے سے باز رہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی ثبوت کے بغیر ایک دینی ادارے کے اساتذہ وطلبہ کو گرفتار کر لینا ناقابل فہم بھی ہے اور قابل مذمت بھی۔ ان علماء وطلبہ کو فی الفور رہا کیا جائے اور حقیقی قاتلوں اور دہشت گردوں کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

☆......☆......☆

## حرمین پر حملے کا خواب دیکھنے والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں

اسلام آباد (پ ر) وفاق المدارس العربیہ کے صدر شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان، مولانا محمد حنیف جالندھری، ڈاکٹر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

عبدالرزاق اسکندر اور مولانا انوارالحق نے کہا ہے کہ اسلامی ممالک اپنی سرزمین پر طاغوتی قوتوں کو لڑائی کا موقع فراہم نہ کریں، مسلمان ممالک افہام وتفہیم سے باہمی معاملات اور تنازعات حل کریں اور دانشمندی کا مظاہرہ کریں، حرمین شریفین کی سرزمین پر حملے کا خواب دیکھنے والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں، سرزمین حجاز پر حملہ تو کجا کوئی معمولی سا وار بھی دنیا کو تباہی کے دہانے تک پہنچادے گا، اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے عالم اسلام کے رہنماؤں اور مسلم ممالک کے حکمرانوں سے اپیل کی کہ وہ طاغوتی طاقتوں کو اپنی سرزمین پر لڑائی کا موقع نہ دیں اور باہمی معاملات اور تنازعات کو افہام وتفہیم سے حل کریں، انہوں نے روس کی طرف سے سعودی عرب پر حملے کی دھمکی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سرزمین حجاز پر حملے کے خواب دیکھنے والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روس سرزمین افغانستان پر نہتے مجاہدین کے ہاتھوں عبرتناک شکست کے زخم ابھی تک چاٹ رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سرزمین حجاز پر حملہ تو کجا اگر کوئی معمولی سا وار بھی کیا گیا تو یہ دنیا کو جنگ وجدال اور فتنہ وفساد کی بدترین آگ میں جھونکنے کے مترادف ہوگا۔

☆......☆......☆

## پنجاب حکومت اپنی ناکامی چھپانے کے لئے مدارس کو ڈھال نہ بنائے، وفاق المدارس

ملتان (پ ر) پنجاب حکومت مدارس کی نگرانی کی بجائے جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرے، حکومت اپنی ناکامی اور بے بسی کو چھپانے کے لئے مدارس کو بطور ڈھال استعمال نہ کرے، جرائم پیشہ افراد کو تحفظ فراہم کرنے والی مسلم لیگ (ن) کی حکومت میں مدارس کے خلاف منفی رپورٹوں کا منظر عام آنا افسوس ناک اور قابل مذمت ہے۔ ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان، مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا محمد حنیف جالندھری اور دیگر نے پنجاب میں دینی مدارس کے حوالے سے رپورٹ پر اپنے ردعمل میں کیا، وفاق المدارس کے قائدین نے کہا کہ ایک ایسی جماعت جو جرائم پیشہ عناصر کو تحفظ فراہم کرتی ہے، اس کی صوبائی حکومت کو مدارس کے ساتھ امتیازی سلوک اور جانبدارانہ رویہ ہرگز زیب نہیں دیتا، انہوں نے کہا کہ مدارس کے بارے میں منفی رپورٹیں پہلے بھی منظر عام پر آچکی ہیں، جنہیں زمینی حقائق نے جھوٹا ثابت کردیا ہے، تازہ رپورٹ کا بھی یہی حشر ہوگا۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان جنوبی پنجاب کے ناظم مولانا زبیر احمد صدیقی نے مدارس سے متعلق وزارت داخلہ پنجاب کی رپورٹ کو گمراہ کن اور مدارس کے خلاف سازش قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا۔ انہوں نے کہا کہ مدارس وجامعات نوگو ایریا نہیں، ہر مدرسے میں عوام الناس روزانہ پانچ وقت اور جمعہ وعیدین کے موقع پر نماز ادا کرنے آتے ہیں، شرعی مسائل کی دریافت کے لئے بھی 24 گھنٹے مدارس کھلے ہیں، آج تک کسی دینی مدرسے میں کوئی خلاف قانون سرگرمی نوٹ نہیں کی گئی، انہوں نے کہا کہ کچھ عناصر علماء اور مذہبی طبقے کے خلاف مسلم لیگ (ن) کی حکومت کو استعمال کرنا چاہتے ہیں، شریف برادران اس سازش کو ناکام بنائیں۔

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com